# پنجاب اوقاف آرگنائزیشن (حکومت پنجاب) ٹینڈر نوٹس

1۔ محکمہ اوقاف کو محکمہ داخلہ، پنجاب سے لائسنس یافتہ / رجسٹرڈ معروف پرائیویٹ کمپنیوں سے لاہور زون میں واقع مزارات، مساجد، امام بارگاہوں و دفاتر وغیرہ کیلئے محکمہ داخلہ کے منظور شدہ رجسٹرڈ ادارہ سے ٹریننگ سرٹیفکیٹ کے حامل سیکیورٹی گارڈز بمعہ دیگر لوازمات (لائسنس یافتہ، واک تھرو گیٹ اور میٹل ڈیٹیکٹرز وغیرہ) جن کی تفصیل دفتر ہذا سے حاصل کی جا سکتی ہے فراہم کرنے کیلئے پیپرا رولز 2014 کی شق 38(2)(a) کے یک مرحلہ دو لفافہ جات کی بنیاد پر سر بمہر پیشکشیں مطلوب ہیں۔

2۔ سیکیورٹی کا ٹھیکہ کنٹریکٹ دستخط کرنے کی تاریخ سے ایک سال کی مدت کیلئے ہوگا۔

3۔ ٹینڈر دستاویزات کے حامل تفصیلات بشمول شرائط و ضوابط وغیرہ مبلغ پانچ صد روپے صرف (Rs.500/-) ناقابل واپسی نقد ادائیگی کر کے دوران دفتری اوقات زونل دفتر اوقاف لاہور زون سے اشاعت کے فوراً بعد سے مورخہ 25-05-2021 تک حاصل کی جا سکتی ہے۔

4۔ ٹینڈر دہندہ سر بمہر ایک لفافہ جس پر "فنی تجویز" تحریر ہو اور دوسرا لفافہ جس پر "فنانشل تجویز" تحریر ہو ٹینڈر دستاویزات کی شرائط و ضوابط کے مطابق پیش کرے گا۔

5۔ ٹیکنیکل اور فنانشل پیشکش زیادہ سے زیادہ مورخہ 29-05-2021 بوقت 12:00 بجے تک وصول کی جائیں گی اور فنی تجویز اس تاریخ کو 01:00 بجے زونل دفتر اوقاف لاہور زون میں حاضر آمدہ حصہ لینے والی کمپنی یا ان کے با اختیار نمائندوں کی موجودگی میں کھولی جائیں گی۔ مطلوبہ دستاویزات اور فنی تقاضے پورا کرنے والی پیشکشوں کو ریسپانسو (Responsive) قرار دیا جائے گا اور اہلیت کے مطابق معیار پر پورا نہ اترنے والی فرم کی فنانشل بڈز نان ریسپانسو (Non-Responsive) قرار دیتے ہوئے واپس کر دی جائیں گی۔ ٹیکنیکل بڈز نمائندگان کے سامنے کھولی جائیں گی اور صرف جملہ تقاضے پورے کرنے والی کمپنیوں کی فنانشل بڈز ان کے با اختیار نمائندگان کی موجودگی میں کھولی جائیں گی۔

6۔ ٹینڈر دینے والی کمپنی بڈ کے ساتھ کنٹریکٹ (12 ماہ) کی کل تخمینہ (1,86,66,000/- روپے) کا 5% کے مساوی رقم کا پے آرڈر بطور زر ضمانت بحق زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف لاہور زون لاہور جمع کروانے کی پابند ہوگی۔

7۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ کو کنٹریکٹ (12 ماہ) کی مالیت کے 10% کے مساوی بذریعہ پے آرڈر بحق زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف لاہور زون "پرفارمنس بانڈ/Performance Guarantee" جمع کروانا ہوگا۔

8۔ حکومت کی جانب سے عائد کردہ تمام ٹیکسز بمطابق پالیسی از خود کامیاب بولی دہندہ کی جانب سے ادا کیے جائیں گے۔

9۔ زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف پیشکش کھلنے کی تاریخ میں توسیع، ٹینڈر کی منظوری یا منسوخی پیپرا رولز 2014 کے مطابق کرے گا۔

10۔ جملہ کاروائی میں لیبر لاز اور دیگر پاکستانی قوانین کو مدنظر رکھتے ہوئے سوشل سیکیورٹی اور ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹس اور دیگر ادائیگیاں پاکستان قوانین کے مطابق ادا کرنا مقصود ہوں کمپنی کی جانب سے ادا کی جائیں گی۔


**المشتہر** زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف لاہور زون

فرسٹ فلور ایکسی بلڈنگ شاہ چراغ لاہور

فون نمبر: 042-99210874


IPL-4367